© rasailojaraid.com



راضی اپنی امی کو سٹریچر پر ڈال کر ایمبولینس میں ہسپتال سے گھر لے آئے۔ **انا للہ وانا الیہ راجعون**

# نظم

عبدالعلیم خان رحمانی

عاشق تھے الٰہی کے وہ احسان الٰہی
احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی !!

وہ علم کے دریا تھے مقرر تھے جواں تھے
ممکن نہیں تعریف بڑے شعلہ بیان تھے

وہ مسلک اسلاف کے اک روح رواں تھے
قرآن کے داعی تھے وہ احسان الٰہی !!!

احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی !!
احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی !!

ہر لمحہ الجھتے ہوئے پیروں کے مکر سے
اپنوں کو بچاتے ہوئے دیبوں کے شر سے

ماتم کدے خاموش تھے احسان کے ڈر سے
بیدار سپاہی تھے وہ احسان الٰہی !

احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی
احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی

ناموس رسالت کے وہ باک سپاہی
اصحاب محمد کے وہ بے چین فدای

جو راہ مستقیم محمدؐ نے بتائی
اس راہ کے راہی تھے وہ احسان الٰہی

احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی
احسان الٰہی تھے وہ احسان الٰہی

© rasailojaraid.com